## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید کے درمیان ٹیلیفون پر بات چیت
## سیاسی حالات، بگڑتی ہوئی معاشی صورتحال، بجلی کی لوڈشیڈنگ، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ اور توانائی کے بحران سمیت ملک کے مجموعی حالات کے بارے میں تفصیلی تبادلہ خیال
## عوام بجلی کی لوڈشیڈنگ کے عذاب میں مبتلا ہیں، بجلی اور پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا ہے۔ الطاف حسین
## پنجاب میں بعض بااثر عناصر کی جانب سے تاجروں اور صنعتکاروں کو دھمکیاں دیکر انہیں صنعتیں اور کاروبار چھوڑنے پر مجبور کیا جارہا ہے

لندن۔۔۔13 جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید کے درمیان ٹیلیفون پر بات چیت ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے ملک کے سیاسی حالات، بگڑتی ہوئی معاشی صورتحال، بجلی کی لوڈشیڈنگ، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ اور توانائی کے بحران سمیت ملک کے مجموعی حالات کے بارے میں تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ شیخ رشید نے جناب الطاف حسین کو پنجاب کی سیاسی صورتحال اور وہاں کے حالات سے بھی آگاہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایک طرف تو عوام بجلی کی لوڈشیڈنگ کے عذاب میں مبتلا ہیں دوسری جانب بجلی اور پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا ہے جس نے عوام کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ انہوں نے اس امر پر بھی شدید افسوس کا اظہار کیا کہ پنجاب میں بعض بااثر سیاسی عناصر کی جانب سے تاجروں اور صنعتکاروں کو دھمکیاں دیکر انہیں صنعتیں اور کاروبار چھوڑنے پر مجبور کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو اس معاملے کا نوٹس لینا چاہیے کیونکہ اس سے صنعتی وکاروباری سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی ہورہی ہے۔

## صوبہ پنجاب کے شہر میاں چنوں میں ہونے والے بم دھماکے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن:۔۔۔13/ جولائی 2009ء

ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب کے شہر میاں چنوں کے ایک نواحی گاؤں کے گھر میں ہونے والے بم دھماکہ کے نتیجے میں 9 افراد کی ہلاکت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ معصوم افراد کی جانوں سے کھیلنے والے درندہ صفت افراد مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ۔انہوں نے صدر پاکستان آصف زرداری، وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ سمیت دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ وہ ایسی کالی بھیڑوں کا سراغ لگا کر انہیں قانون کے مطابق قرار سزا دلوائیں جو کہ اسلام کے نام پر دہشتگردی کرکے ملک کی سلامتی اور امن کو خطرے سے دوچار کررہے ہیں۔ انہوں نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے کہا کہ وہ بم دھماکے میں ہلاک ہونے والوں کے لواحقین کی مالی معاونت کریں اور زخمی ہوجانے والے افراد کیلئے جلد از جلد ہنگامی بنیادوں پر طبی امداد فراہم کی جائے۔

## میاں چنوں میں ہونے والا زوردار دھماکہ پنجاب میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن کا کھلا ثبوت ہے۔ سلیم شہزاد اور طارق جاوید
## پنجاب طالبان کی سرگرمیوں کا مرکز بنا ہوا ہے، پنجاب کا کوئی بھی شہر طالبان کی دہشت گردیوں سے محفوظ نہیں
## پنجاب کے صوبائی وزراء طالبان کی کھلی دہشت گردیوں کے باوجود پنجاب میں طالبانائزیشن سے مسلسل انکار کررہے ہیں
## پنجاب کے عوام بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن سے ہوشیار رہیں اور اپنے اپنے علاقوں میں چوکیداری سسٹم رائج کریں
## سول سوسائٹی کی تنظیمیں طالبانائزیشن کے بارے میں عوام کو آگاہ کریں اور پنجاب کے وزراء کے جھوٹ کا پردہ چاک کریں

لندن۔۔۔13 جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد اور طارق جاوید نے کہا ہے کہ پنجاب کے شہر خانیوال کی تحصیل میاں چنوں میں ایک گھر میں ہونے والا زوردار دھماکہ پنجاب میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن کا کھلا ثبوت ہے۔ اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد کے بعد صوبہ پنجاب طالبان کی بڑے پیمانے پر ہونے والی سرگرمیوں کا مرکز بنا ہوا ہے، لاہور سمیت پنجاب کا کوئی بھی شہر طالبان کی دہشت گردیوں سے محفوظ نہیں ہے، آئے دن پنجاب کے کسی نہ کسی شہر میں طالبان کے دہشت گردوں کی جانب سے بم دھماکوں، مساجد اور امام بارگاہوں پر حملوں اور دہشت گردی کی دیگر کارروائیاں کی جارہی ہیں لیکن یہ بات باعث افسوس ہے کہ پنجاب کے صوبائی وزراء طالبان کی

کھلی دہشت گردیوں کے باوجود پنجاب میں طالبانائزیشن سے مسلسل انکار کر رہے ہیں اوراس طرح وہ عوام سے نہ صرف حقائق چھپا کرانہیں تاریکی میں رکھ رہے ہیں بلکہ پنجاب میں طالبانائزیشن سے انکارکرکے طالبان کی سرگرمیوں پر بھی پردہ ڈال رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج میاں چنوں میں ہونے والے اس بم دھماکے نے پنجاب میں طالبانائزیشن کی پول کھول دی ہے۔انہوں نے کہا کہ پوری دنیا میں حکومتیں عوام کو دہشت گردی کے خطرے سے باخبر رکھتی ہیں اور مشکوک افراد پر نظر رکھنے کی اپلیں کرتی ہیں لیکن حکومت پنجاب کے وزراء پنجاب کے عوام کو تاریکی میں رکھ کرانہیں چوکس اور ہوشیار رہنے سے باز رکھ رہے ہیں۔سلیم شہزاد اور طارق جاوید نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب کے عوام سے اپیل کرتی ہے کہ وہ پنجاب میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن سے ہوشیار رہیں اوراپنی ماں ،بہن ،بیٹیوں اور بچوں کے تحفظ کیلئے اپنے اپنے علاقوں میں چوکیداری سسٹم رائج کریں۔انہوں نے سول سوسائٹی کی تنظیموں سے بھی اپیل کی کہ وہ طالبانائزیشن کے بارے میں عوام کو آگاہ کریں اور پنجاب کے وزراء کے جھوٹ کا پردہ چاک کریں۔

## کراچی میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بیت اللہ محسود گروپ کے کئی دہشت گردوں کو جدید ہتھیاروں سمیت گرفتار جوشہر کیلئے کسی بھی بڑی تباہی کا باعث بن سکتا تھا،حق پرست اراکین قومی اسمبلی

## کراچی اور سندھ میں طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش پر پردہ ڈالنے والی نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں اب کیوں خاموش ہیں؟

## نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں اور تانگہ پارٹیاں شہر کراچی وسندھ کی محبت کا دم بھرتی ہیں لیکن دہشت گردی کے خلاف وہ کردار ادانہیں کر رہی جو عوام کی خواہشات اورامنگوں کی ترجمانی کرتا ہو

## قائدآباد سے بیت اللہ محسود گروپ کے 2 دہشت گردوں کی جدید وآتشی ہتھیاروں سمیت گرفتاری پر تبصرہ

کراچی۔۔۔13،جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کراچی کے علاقے قائدآباد سے بیت اللہ محسود گروپ کے دو طالبان دہشت گردوں کی راکٹ لانچر،کلاشنکوف اور دیگر جدید وآتشی اسلحہ سمیت گرفتاری پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ کراچی اور سندھ میں طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش پر پردہ ڈالنے والی نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں اب کیوں خاموش ہیں اور طالبان نیٹ ورک کے دہشت گردوں کی شہر کراچی سے مسلسل گرفتاریوں پر عوام کو زمینی حقائق آگاہ کرنے سے کیوں راہِ فراراختیار کر رہی ہیں؟ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بیت اللہ محسود گروپ کے کئی دہشت گردوں کو گرفتار کیا ہے اوران کے پاس سے برآمد ہونے والا اسلحہ شہر کراچی کیلئے کسی بھی بڑی تباہی کا باعث بن سکتا تھا۔انہوں نے کہا کہ شہر کراچی اور سندھ کے عوام کی محبتوں کا دم بھرنے والی نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں اور تانگہ پارٹیاں اس وقت ملک کو درپیش سب سے بڑے چیلنج انتہاء پسندی،شدت پسندی اور دہشت گردی کے خلاف وہ کردار ادانہیں کر رہی ہیں جو سندھ،کراچی اور ملک محبّ وطن عوام کی خواہشات اورامنگوں پر پورا اترتا ہو۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین واحد سیاسی رہنما ہیں جنہوں نے نڈراور بہادرانہ انداز میں طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کے خلاف آواز بلند کی اوراس کے خلاف ملک بھر میں بیداری کی مہم چلائی،قومی اسمبلی میں نام نہاد نظام عدل ریگولیشن کی کھل کر مخالفت کی اور ملک کو طالبانی شریعت کے زیرسایہ کرنے کے خلاف وہ بھرپور اور منظّم کردار ادا کیا جس کو آج دنیا سراہارہی ہے۔انہوں نے قائدآباد سے بیت اللہ محسود گروپ کے دو طالبان دہشت گردوں کی گرفتاری پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور اہلکاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ طالبانائزیشن کی سازش کو جڑ سے ختم کرکے ہی ملک وقوم کو بدترین بحرانوں سے نکالا جاسکتا ہے۔اراکین قومی اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،مشیر داخلہ رحمٰن ملک،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی کے علاقے قائدآباد سے بیت اللہ محسود گروپ کے 2 طالبان دہشت گردوں ں کی جدید وآتشی ہتھیاروں سمیت گرفتاری کا سختی سے نوٹس لیا جائے،طالبان نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کو جدید وسائنسی بنیادوں پر مزید استوار کیا جائے اور شہر کراچی میں طالبان نیٹ ورک کی حمایت اورانہیں مدد وتعاون فراہم کرنے والے عناصر کو تحقیقات کے ذریعے بےنقاب کرکے ان کا اصل چہرہ عوام کو دکھایا جائے۔

## سازشی عناصر شہر کے امن کو تہس نہس کرنے اور اتحادی حکومت کے درمیان خلفشار پیدا کرنے کیلئے قتل وغارتگری کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی

## ایم کیوایم کے معصوم وبے گناہ کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے تسلسل کے ساتھ ہونے واقعات پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔13، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے مطالبہ کیا کہ کراچی کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کے معصوم وبے گناہ کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث سفاک دہشت گردوں کوگرفتار کرکے قرارواقعی سزادی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ روزبھی مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد یاسین اورایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن عمیرنقی کے بھائی محمد ارشدنقی کوفائرنگ کرکے بیدردی سے قتل کردیا اورفرار ہوگئے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے معصوم وبے گناہ کارکنان کوٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کرجس بربریت کے ساتھ قتل کیا جارہا ہے وہ شہرا کے من وامان کوتباہ کرنے کی سازش کی جانب واضح اشارہ ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی شہر میں قتل وغارتگری کے ذریعے حالات خراب کئے گئے اوراس کا سارا ملبہ بھی ایم کیوایم کے سرتھوپ دیا گیا جبکہ ان قتل وغارتگری کے واقعات میں ایم کیوایم کے معصوم وبے گناہ کارکنان کی ایک بڑی تعداد شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ سازشی عناصر شہر کے امن کوتہیس نہیس کرنے اوراتحادی حکومت کے درمیان خلفشار پیدا کرنے کیلئے قتل وغارتگری کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں جنہیں عوام کے بھرپور تعاون سے ناکام بنایا جاتا رہے گا۔انہوں نے محمد یاسین اورمحمد ارشدنقی کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ حق پرست شہداء کا لہوضروررنگ لائے گا اوردہشت گردی کے ذریعے امن وامان کوخراب کرنے کے مذموم عزائم رکھنے والے سازشی عناصر ایک دن ضرور قانون کی گرفت میں ہوں گے اوراپنے عبرتناک انجام سے دوچار ہوں گے۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد یاسین اورفیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن کے بھائی محمد ارشدنقی کے بہیمانہ قتل کی واردات کا سختی سے نوٹس لیا جائے ، اس میں ملوث سفاک دہشت گردوں کوگرفتار کیا جائے ،قتل وغارتگری کے واقعات کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں اور دہشت گردوں اوران کے سرپرستوں کے خلاف آئین وقانون کے مطابق کارروائی کرکے عبرتناک سزادی جائے۔

## راولپنڈی اسلام آباد فوٹو جرنلسٹس کی جانب سے جناب الطاف حسین کیلئے یادگاری شیلڈ پیش کی گئی

اسلام آباد۔۔۔13، جولائی2009ء

راولپنڈی اسلام آباد فوٹو جرنلسٹس نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو یادگاری شیلڈ پیش کی ہے۔یہ شیلڈ گزشتہ روزحق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹرندیم احسان نے راولپنڈی پریس کلب میں فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے صدرفہیم ملک سے وصول کی۔اس موقع پر ایم کیوایم راولپنڈی اوراسلام آباد کے آرگنائزر متین خان اورزاہد ملک بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت کیماڑی سیکٹر کے پانجری پاڑہ یونٹ کا افتتاح کردیا گیا

## بدقسمتی سے پاکستان کا شمار آج بھی ترقی پذیر ممالک میں ہوتا ہے،حق پرست صوبائی وزیرنادیہ گبول کا افتتاحی تقریب سے خطاب

## صوبائی وزیرنادیہ گبول نے خوش الحانی سے قرآن مجید کی تلاوت کرنے پر نابینا قاری کو10ہزارروپے دینے کا اعلان بھی کیا

کراچی۔۔۔13، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے زیراہتمام کیماڑی سیکٹر کے پانجری پاڑہ یونٹ کا افتتاح کردیا گیا۔افتتاحی تقریب میں حق پرست صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق محترمہ نادیہ گبول ،ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ ،اراکین سید معین الدین ،شکیل سید ظہیرانور کے علاوہ کارکنان ،علاقہ کے معززین اورعوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔حق پرست صوبائی وزیرنادیہ گبول نے پانجری پاڑہ یونٹ کا باقاعدہ افتتاح کیا اورافتتاحی تقریب کے آغاز میں خوش الحانی سے قرآن مجید کی تلاوت کرنے پرنابینا نوجوان قاری حافظ عبدالجبار کودس ہزارروپے دینے کا بھی اعلان کیا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ نادیہ گبول نے کہا کہ پاکستان میں بہت غربت ہے،ہمارے

بعد آزاد ہونے والے مما لک کا شمار دنیا کے ترقی یافتہ مما لک میں ہوتا ہے لیکن ہم تنزلی کا شکار ہیں اور بدقسمتی سے پاکستان کا شمار آج بھی ترقی پذیر مما لک میں ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدو جہد کا مقصد پاکستان میں بسنے والے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کوان کے جائز حقوق دلوانا ہے اوران کے مسائل کوخودان کے درمیان سے منتخب کردہ افراد کے ہاتھوں حل کروانا ہے۔انہوں نے کیماڑی سیکٹر کے پانجری پاڑہ یونٹ کے افتتاح پرایم کیوایم کے کارکنان ااوراہل محلّہ کومبارکباد پیش کی اور کہا کہ حق پرستی کا پیغام اب پانجری پاڑہ کی گلیوں اور محلے سے نکل کر ملک بھر میں پھیلے گا۔افتتاحی تقریب سے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ اور اراکین نے بھی خطاب کیا۔

## حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان کا روزنامہ جنگ راولپنڈی کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر حنیف خالد سے قائدتحریک الطاف حسین کی جانب ظہار تعزیت

اسلام آباد۔۔۔13،جولائی 2009ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان نے روزنامہ جنگ راولپنڈی کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر حنیف خالد کے ہمشیرہ کے انتقال پران کے دفتر جا کر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیت وافسوس کا اظہار کیا اور مغفرت کیلئے دعا کی۔اس موقع پر ایم کیوایم راولپنڈی اوراسلام آباد کے آرگنائزر متین خان اورزاہد ملک بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13،جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 117 کے کارکن محمد کامران کے والد محمد شریف کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆